| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (نواں ہفتہ) | موضوع: | ہم آواز الفاظ | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ ہم آواز الفاظ کی پہچان اور لکھائی کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے لفظی اور ہندسی گنتی کے بارے میں پوچھا جائے گا۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم آواز الفاظ کی پڑھائی کریں گے۔ ہم آواز الفاظ وہ الفاظ ہوتے ہیں جو بولنے میں ملتے جلتے ہوں اور ان کے آخر کا حرف ایک ہی ہوتا ہے۔ معلمہ تختہ سفید پر بال، جال، دال، کھال لکھے گی اور ان کی پڑھائی کروائی گی۔ پھر معلمہ پان، کان، ناک آن لکھ کر ان کی پڑھائی کروائے گی۔ بچوں سے پوچھی گی کہ کیا یہ الفاظ کے آواز ایک جیسی ہے؟<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پانچ کے گروپ میں تقسیم کیا جائے گا۔ ہر گروپ کو پانچ فلیش کارڈ دیئے جائیں گے۔ چار فلیش کارڈ ہم آواز الفاظ کے ہوں گے اور ایک کوئی سا بھی لفظ ہوگا۔ ہر گروپ باری باری اپنے الفاظ پڑھیں گے اور بتائیں گے کہ ان میں سے کون سا حرف ہم آواز ہیں۔<br>بچوں سے کاپی کھولنے کو کہا جائے گا۔ کاپی پر بول اور کام کے ہم آواز الفاظ لکھوائے جائیں گے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے پوچھا جائے گا ہم آواز الفاظ سے ہوتے ہیں۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | ہم آواز الفاظ<br>فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ہم آواز الفاظ کی نشاندہی اور لکھائی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (نواں ہفتہ) | موضوع: | ہم آواز الفاظ | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ہم آواز الفاظ کی پہچان اور لکھائی کرسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ہم آواز الفاظ کون سے الفاظ ہوتے ہیں؟ | 5منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ہم آواز الفاظ کی نشاندہی اور لکھائی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو یاد کروایا جائے گا کہ حروف کو ملا کر لفظ بنتا ہے اور لفظ کی جمع الفاظ ہیں وہ الفاظ جن کی آواز ایک جیسی ہو اور جن کے آخر حروف بھی ایک جیسے ہوں تو آواز بھی ایک جیسی ہوگی۔ آیئے مثال کے ذریعے اس کو سمجھتے ہیں بچوں کو 'آپ' کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ اُس کی آخری آواز 'پ' کی ہے۔ اب ہم کوئی دو ایسے الفاظ بنائیں گے۔ جن کے آخر میں 'پ' کی ہے۔ اب ہم کوئی دو ایسے الفاظ بنائیں گے جن کے آخر میں 'پ' آتا ہے۔ تختہ سفید/ سیاہ پر باپ اور ناپ لکھ کر بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کیا ان کی آخر کی آواز ایک جیسی ہے۔ | 10منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ 20 کھولنے کو کہا جائے گا۔ تمام الفاظ تختہ سفید پر لکھ کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ اور نیچے لکھے الفاظ سونا، شام، جالی اور گائے کے ہم آواز تلاش کر کے لکھنے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔ | 20منٹ | کتاب صفحہ نمبر 68 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے گاتے، جاتے، لاتے، آتے ہم آواز الفاظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ | 5منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>کاپی پر سونا اور مالی سے تین تین ہم آواز الفاظ لکھیے۔ | | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (نواں ہفتہ) | موضوع: | ہم آواز الفاظ | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ہم آواز الفاظ کی پہچان اور لکھائی کرسکیں۔ | دہرائی:<br>بچوں سے 'کام' کے ہم آواز الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا مذکر مونث کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | تعارف:<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم مزید ہم آواز الفاظ کی پڑھائی کریں گے بچوں کو نظم سنائی جائے گی۔<br>اٹھو بیٹا آنکھیں کھولو     اتنا سونا ٹھیک نہیں ہے<br>بستر چھوڑ و اور منہ دھولو     وقت کا کھونا ٹھیک نہیں ہے<br>سورج نکلا تارے بھاگے     دنیا والے سارے جاگے<br>بچوں کو نظم میں ہم آواز الفاظ کی نشاندہی کرنے کو کہا جائے گا۔ | 10منٹ | | |
| | مرکزی سرگرمی:<br>ٹوکری میں ہم آواز الفاظ فلیش کارڈ رکھے جائیں گے۔ بچوں کو باری باری بلایا جائے گا۔ معلمہ تختہ سفید پر کوئی لفظ لکھے گی بچہ ٹوکری میں سے اُس کے ہم آواز الفاظ تلاش کر کے معلمہ کو بورڈ پر چسپاں کرنے کو دے گا اور پڑھ کر سنائے گا۔ بچوں کو ہم آواز الفاظ کی ورک شیٹ دی جائے گی۔ | 20منٹ | ہم آواز الفاظ<br>فلیش کارڈ<br>ورک شیٹ | |
| | اختتامیہ:<br>ہم آواز الفاظ سے متعلق کوئی ویڈیو دکھائی جائے گی۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (نواں ہفتہ) | موضوع: | ہم آواز الفاظ | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ہم آواز الفاظ پڑھ اور لکھائی کرسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے مختلف الفاظ کے ہم الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ الفاظ کی لکھائی اور پڑھائی کرنے پر۔ |
| | تعارف:<br>بچوں کو اپنا ، اپنی ، اپنے کے فلیش کارڈ دکھا کر پڑھائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو اپنا اپنی اپنے کے توڑ بتائے جائیں گے۔ مختلف جملوں کے ذریعے بتایا جائے گا کہ اپنا ، اپنی ، اپنے کا استعمال کب اور کہاں ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر اپنی سائیکل مجھے دو۔ اپنا نام بتاؤ۔ اپنے ابو کا نام بتاؤ وغیرہ۔ | 10منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ 88 کھولنے کو کہا جائے گا۔ الفاظ پڑھنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔ نیچے دیے گئے جملے پڑھائے جائیں گے۔ بچوں کو اپنا ، اپنی ، اپنے کے فلیش کارڈ دے کر تختہ سفید پر جملے مکمل کرنے کی سرگرمی کروائی جائے گی۔<br>۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بستہ بند کرو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کاپی دے دو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔گھر کا پتا بتاؤ | 20منٹ | کتاب صفحہ 88 | |
| | **اختتامیہ:**<br>ہوا میں اپنا، اپنی اور اپنے لکھوایئے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی پر اپنا، اپنی اور اپنے کی لکھائی کریں۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (نواں ہفتہ) | موضوع: | ہم آواز الفاظ | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ گنتی (ا تا پانچ) کی دہرائی کرسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے اپنا، اپنی، اپنے کا جملوں میں استعمال کرنے کو کہا جائے گا۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ ہم لفظی اور ہندسی گنتی کی پڑھائی کر چکے ہیں۔ بچوں کو ایک تا پانچ ہندسی اور لفظی گنتی کے فلیش کارڈ دکھا کر پوچھا جائے گا بچوں کو مختلف اشیاء دکھا کر ان کی گنتی کرنے کو کہا جائے گا بچوں کو ا یک تا پانچ گنتی کے توڑ بتائے جائیں گے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>ایک ٹوکری میں رنگین پنسلیں رکھی جائیں گی۔ بچوں کو باری باری بلا کر ایک فلیش کارڈ دیا جائے گا اُس پر ہندسی/لفظی گنتی کا کوئی عدد لکھا ہوگا۔ بچہ عدد بتائے گا اور اتنی پنسلیں اٹھائے گا۔<br>کتاب صفحہ 89 کھولنے کو کہا جائے گا۔ اشیاء کو گن کر درست عدد خالی جگہ میں لکھنے کو کہا جائے گا۔ نیچے ہندسی گنتی دیکھ کر لفظی گنتی لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>اردو ’گنتی‘ سے متعلق کوئی نظم سنائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی پر ایک تا پانچ ہندسی اور لفظی گنتی لکھیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | ہندسی/لفظی گنتی فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ نمبر 89 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ لفظی اور ہندسی گنتی کی دہرائی کرنے پر۔ |